
# ۲۔ دلچسپی پر مبنی سرگرمیاں

## ۱۔ کاغذ یا گتے کی پیٹیوں سے بچت پیٹی (گُلک) تیار کرنا












♦ اوپر کی تصویروں میں دِکھائی ہوئی بچت پیٹی (گلک) طلبہ نے تیار کی ہے۔طلبہ کو ان کی پسند کے مطابق کام کرنے دیا جائے اور حسبِ ضرورت ان کی رہنمائی کی جائے۔معلم ان بچت پیٹیوں پر درز (شگاف) بنا کر دیں۔

## ۲۔ کاغذ کو تہہ کر کے ماسک تیار کرنا۔





### میری سرگرمی

اپنے بڑوں سے معلوم کرو کہ کپڑے کا ماسک کس طرح تیار کیا جاتا ہے اور اسے استعمال کرنا کیوں ضروری ہوتا ہے؟

- اوپر کے عمل میں سادہ ماسک دیا ہوا ہے۔طلبہ کو ماسک کا مفہوم اور اس کی قسموں کے بارے میں مختصر معلومات دیں۔ ماسک استعمال کرنے کے فائدے بھی سمجھائیں۔
- ممکن ہو تو ماسک کی مختلف قسموں کی تصاویر یا پھر براہِ راست ماسک طلبہ کو دکھائیں۔

## ۳۔ کاغذ کو تہہ کر کے تتلی تیار کرنا



### آؤ، کر کے دیکھیں۔

ہم سب کو باغوں میں اُڑنے والی رنگ برنگی تتلیاں بے حد پسند آتی ہیں۔ ہماری خواہش ہوتی ہے کہ ہم انھیں ہاتھ لگائیں لیکن یہ تتلیاں بہت نازک ہوتی ہیں۔ انھیں پکڑنے پر ان کے پَر ٹوٹ جاتے ہیں۔ آؤ، ہم رنگین کاغذوں سے تتلی بنائیں۔



### آؤ، یوں کریں۔

۱۔ اخبارات اور رسائل میں کافی رنگین کاغذ ہوتے ہیں۔ ان رنگین کاغذوں کو جمع کرو۔

۲۔ دھاگا، گوند اور اسکیچ پین لو۔


۳۔ ان جمع کیے ہوئے کاغذوں سے ایک ہی سائز کے کاغذ، ایک مستطیل اور ایک چوکور کاٹ لو۔



۴۔ دکھائی ہوئی شکل کے مطابق دونوں کاغذوں کو پَروں کے مطابق باریک تہہ کرلو۔ انھیں دبا کر رکھو۔

۵۔ دونوں قسم کے تہہ کیے ہوئے کاغذوں کو درمیان سے دبا کر دھاگے سے ایک ساتھ باندھو۔

۶۔ ایک رنگین موٹے کاغذ پر تتلی کے درمیانی جسم کی شکل بنا کر اسے کاٹ لو۔



۷۔ یہ شکل دھاگے سے باندھی ہوئی تہوں کے بیچ کے حصے میں چپکا دو۔

۸۔ دونوں قسم کی تہوں کو تھوڑا پھیلا دو۔ تمھاری تتلی تیار ہے۔

### میری سرگرمی

کلاس کی سجاوٹ کے لیے رنگین کاغذ حاصل کر کے چھوٹی بڑی تتلیاں تیار کرو۔

♦ مستطیل اور چوکور کاغذ کاٹنے میں طلبہ کی مدد کریں۔